
# ۱ حمد

ڈاکٹر محبوب راہی

پیدائش : ۲۰ رجون ۱۹۳۹ء

ڈاکٹر محبوب راہیؔ اُردو کے مشہور شاعر ہیں۔ وہ ضلع بلڈانہ کے ماڑگاؤں (خُرد) میں پیدا ہوئے۔ ان کی شاعری اور تنقید کے علاوہ بچوں کے لیے نظموں کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ ادبِ اطفال میں ان کی خدمات پر ساہتیہ اکیڈمی (دہلی) نے انھیں انعام سے نوازا ہے۔

حمد، خدا کی تعریف کو کہتے ہیں۔ شاعر نے اس نظم میں خدا کی بے شمار نعمتوں کا ذکر کیا ہے۔



اے جہاں بھر کے پالنے والے
جان مٹّی میں ڈالنے والے

یہ زمیں ، آسماں تیرے ہیں
یعنی دونوں جہان تیرے ہیں

تو نگہباں ہے ، پاسباں تؤ ہے
اے خدا ، سب پہ مہرباں تو ہے

سب کے ہونٹوں پہ نام ہے تیرا
تذکرہ صبح و شام ہے تیرا

پھؤل صحرا میں تؤ کِھلاتا ہے
مارتا ہے ، تؤ ہی جِلاتا ہے

یہ ہَوا تیرے دَم سے چلتی ہے
حُکم سے تیرے ، رُت بدلتی ہے

خالقِ بحر و بر ہے تؤ ، یا رب
مالکِ خُشک و تر ہے تؤ ، یا رب

سب کو حاصل ہیں نعمتیں تیری
عام ہیں سب پہ رحمتیں تیری

ذرّے ذرّے پہ اختیار تِرا
فضل ہے سب پہ بے شمار تِرا

تیری ہر شے پہ حُکمرانی ہے
تو ہے باقی ، ہر ایک فانی ہے

| | |
|---|---|
| جان مٹّی میں ڈالنے والے | یہ اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مٹی سے بے شمار چیزیں پیدا کی ہیں۔ اللہ نے انسان کو بھی مٹی ہی سے پیدا کیا ہے۔ |
| نگہبان | حفاظت کرنے والا |
| پاسبان | دیکھ بھال کرنے والا |
| صحرا | ریگستان |
| تذکرہ | ذکر |
| رُت | موسم |
| جِلانا | زندگی دینا |
| حکمرانی | حکومت |
| تیرے دَم سے | تیری وجہ سے |
| خالقِ بحر و بر | پوری کائنات کو پیدا کرنے والا |
| مالکِ خُشک و تر | ہر چیز کا مالک |
| باقی | ہمیشہ رہنے والا |
| فانی | فنا ہونے والا، ختم ہو جانے والا |

## مشق

### ایک جملے میں جواب لکھیے۔

۱۔ شاعر نے جہان کا پالنے والا کسے کہا ہے؟

۲۔ 'دونوں جہان' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

۳۔ صبح وشام کس کا تذکرہ کیا جاتا ہے؟

۴۔ وہ مصرع لکھیے جس میں زندگی اور موت کی طرف اشارہ ہے۔

### نظم کی مدد سے خانہ پُری کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | سب کے ......... پہ نام ہے تیرا | ......... صبح و شام ہے تیرا |
| ۲۔ | ذرّے ذرّے پہ ......... ترا | فضل ہے سب پہ ......... ترا |
| ۳۔ | تیری ہر شے پہ ......... ہے | تو ہے باقی ، ہر ایک ......... ہے |

### اپنے دوست سے بات چیت کیجیے کہ.....

۱۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟

۲۔ اللہ تعالیٰ کی وہ کون سی رحمتیں ہیں جو سب کے لیے عام ہیں؟

### غور کرکے بتائیے۔

اللہ تعالیٰ مٹّی سے کون کون سی چیزیں پیدا کرتا ہے؟

**سرگرمی :** یہ حمد اپنے بھائی بہن یا دوست کو پڑھ کر سنائیے۔

3RSV52